# پاکستان کی ترقی
# ہماری خوشحالی کی ضامن ہے



## جناب جام محمد ہاشم سابق صوبائی وزیر پنجاب

## کا خصوصی پیغام

اللہ پاک نے پاکستان کی صورت میں ایسی سرزمین عطا فرمائی ہے کہ جہاں پر دل بہار موسموں کے ساتھ ساتھ اولیاء کرام کے مزارعات بھی موجود ہیں جہاں پر سال بھر امت مسلمہ کے لوگوں کی بڑی تعداد میں آمدروفت کا سلسلہ جاری رہتا ہے اس کے علاوہ دنیا کے دیگر مذاہب مثال کے طور پر ہندو وسکھ برادری اور بدھ ازم کے مذہبی قائدین کی عبادت گاہیں بھی موجود ہیں جہاں پر ان مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی آمدروفت کا سلسلہ کار بھی جاری رہتا ہے اس سلسلے میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اللہ پاک نے ہمیں ایک ایسا خوبصورت خطہ عطا فرمایا ہے کہ جس کا چپہ چپہ قدرتی حسن کا شاہکار ہے اس سلسلے میں صرف اور صرف ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم نیک نیتی کے ساتھ اپنے اس پیارے وطن پاکستان کی تعمیر وترقی کے لئے کام کریں اور یہ بات ذہین نشین کرلیں کہ اس کی ترقی سے ہماری خوشحالی وابستہ ہے اس سلسلے میں پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے ملک میں سیاحت کی ترقی کے سلسلہ میں پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری شائع کرنے کا فیصلہ قابل تحسین ہیں اور یہ ڈائریکٹری ملک میں سیاحت کی ترقی میں فعال کردار ادا کرے گی۔

جناب جام محمد ہاشم تحریک پاکستان کے ایک ممتاز گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اور اس گھرانے نے بانی پاکستان قائداعظم کی قیادت میں تحریک پاکستان اور بعدازاں تعمیر پاکستان میں قابل قدر کردار ادا کیا اس سلسلہ کار کو جاری رکھنے کیلئے جناب جام ہاشم نے اپنی زندگی انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کرڈالی اور شب وروز لوگوں کی خدمات میں مصروف رہتے ہیں۔